لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ رجب سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۹ مئی سنہ ۱۹۱۶ء	نمبر ۲۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر لیڈی ڈاکٹر صاحبہ	۱ و ۲
۲	اضافہ بعہدہ منشی فیلخانہ	۲
۳	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ
۴	روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ	"

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

حسب ملاحظہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مس ایف میروِن اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر کا تقرر بشاہرہ تین سو روپیہ ماہوار و مبلغ تیس روپیہ ماہوار بابت کیرج الاونس بعہدہ لیڈی ڈاکٹر شفاخانہ زنانہ ۱۸ مئی سنہ ۱۹۱۶ء سے منظور کیا گیا۔

لیڈی ڈاکٹر سے جو معاہدہ ہوا ہے وہ شامل کاغذات ہے۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری صاحب

اضافہ

۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص بوجہ حسن انجام خدمات سابق و سباق سے عزیز اللہ خان اہلمد پیشی فیل خانہ مشاہرہ وار دس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ار	۰	۱۰ و ۱۰ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۰	
نخود خالص	۱۱ ار	۰	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۰	
نخود کسہ آمیز	۱۳ ار	۰	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۰	
کسہ	۰	۰	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	
ماش	۸ ار	۰	۷ ار	۷ ار	۸ ار	۰	
مونگ	۷ ار	۰	۷ ار	۰	۸ ار	۰	
مکا	۱۵ ار	۰	۱۶ ار	۱۷ ار	۱۸ ار	۰	
جئی	۱۳ ار	۰	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	۰	
گوجئی	۰	۰	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	۰	
مسور	۹ ار	۰	۱۰ ار	۹ ار	۱۱ ار	۰	
ارہر	۱۲ ار	۰	۱۱ ار	۰	۸ ار	۰	
برنج	۶ ار	۰	[illegible]	۶ ار	۶ ار	۰	
روغن زرد	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سرسوں	[illegible]	۰	۲ ار	[illegible]	[illegible]	۰	
روغن کنجد	[illegible]	۰	۲ ار	۱ ار	۱ ار	۰	
نمک سانبھر	۱۱ ار	۰	۱۴ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۰	
نمک لاہوری	۸ ار	۰	۱۱ ار	۸ ار	۱۰ ار	۰	
قند سیاہ	۵ ار	۰	۵ ار	۵ ار	۵ ار	۰	
باجرہ	۱۰ ار		۱۲ ار	۰	۱۲ ار	۰	

روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء
جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بصدارت پریزیڈنٹ کمیٹی

ممبران جلسہ شرکا ملازمین

۱- خان بہادر سید رضا حسین صاحب بہادر — مجسٹریٹ ضلع

۲- صاحبزادہ سید مقصود علی خان صاحب بہادر — میونسپل افسر

۳- مولوی محمد فخری صاحب

۴- پنڈت ڈوری لال صاحب — بخشی فوج

۵- محمد فیاض علی خان صاحب — پیشکار

امور تصفیہ طلب

۱- تخمینہ بابتہ تیاری کمرنجہ معہ نالی پختہ کندہ لال مسجد تھانہ نمبر ۲ [illegible] حسب درخواست سید فیاض حسین سکنہ لال مسجد تعدادی [illegible]

۲- تخمینہ بابتہ مرمت پلیہ متصل باغ عبداللہ خاں نزد فیلخانہ جدید تعدادی [illegible] حسب نوٹ صاحب میونسپل افسر مورخہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

۳- تخمینہ بابت تیاری نالی جدید سڑک پختہ جیل پیش مقبرہ نواب محمد علی خاں صاحب بہادر مرحوم حسب رپورٹ سب اوورسیر میونسپلٹی تعدادی [illegible] بحکم اجلاس اعلیٰ۔

۴- تخمینہ تعمیر نالی جدید و کمرائی نالی کہنہ متصل مکان حکیم الیاس [illegible] تعدادی [illegible]

۵- تخمینہ بابتہ تیاری کمرنجہ جدید متصل زیارت ٹاپ خرد و سڑک پختہ راجدوارہ واقعہ تھانہ گنج حسب نوٹ بخشی صاحب فوج مورخہ ۱۷ اپریل سنہ ۱۶ء و درخواست لعل بہاری لال وغیرہ محلہ داران تعدادی [illegible]

ممبران جلسہ شرکا غیر ملازمین

۱- عطاء اللہ خاں صاحب — ممبر

۲- محمد احسن صاحب وکیل — ممبر

۳- مولوی اعجاز حسین صاحب وکیل — ممبر

۴- لالہ ہرنام سنگھ صاحب — ممبر

۵- چودھری منی لال صاحب — ممبر

۶- لالہ رام کنوار صاحب — ممبر

تجویزات کمیٹی

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ کام ضروری ہے تخمینہ کی منظوری دیجائے کام ٹھیکہ پر کرا کر عمدہ بنوایا جائے جسکے ذمہ دار سب اوورسیر میونسپلٹی ہیں

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ صاحب میونسپل افسر کے نوٹ کے بموجب کام ضروری ہے تخمینہ کی منظوری دیجائے ریلیاں جو گودام میونسپلٹی میں موجود ہیں وہ پختہ کرا کے نصب کرا دیجائیں۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام ضروری ہے منظوری ہونا چاہئے

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ نالی کا ڈھال خراب ہے تخمینہ کی منظوری دیجائے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ تخمینہ کی منظوری دیجاوے کام ضروری ہے سب اوورسیر میونسپلٹی کو ذمہ دار کر دیا جائے کہ لیول ٹھیک ہو۔ چاہئے کہ بعد تعمیر ذریعہ [illegible] پانی ڈلوا کر دیکھا جائیگا کہ ڈھال ٹھیک ہے یا نہیں اگر ڈھال میں خرابی ہوئی تو سب اوورسیر اسکے جوابدہ ہونگے۔

۶ - تخمینہ مرمت گڈھا متصل دوکان برمکان کرامت اللہ خان مرحوم حسب
نوٹ محمد احسن خان صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۴ راپریل ۱۹۱۶ء تعدادی لعہ

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ کام
ضروری ہے تخمینہ کی منظوری دیجاوے -

۷ - تخمینہ بابتہ کھرنجہ جدید معہ نالی واقعہ محلہ چوک محمد سعید خان تعدادی للعہ

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ
یہ کام غیر ضروری ہے اسسال جو ضروری کام ہیں وہ تعمیر ہونا چاہئیں خارج ہوکر
داخلِ دفتر ہو - اور سررشتہ میونسپلٹی میں یہ ضروری کام سوچ کر پیش کیا جاوے تو غور کیا جائیگا

۸ - تخمینہ تیاری کھرنجہ و نالی متصل زیارت میاں امیر شاہ صاحب
محلہ جھنڈہ بڑے پیر صاحب تھانہ میلا تالاب حسب نوٹ محمد احسن خان صاحب
ممبر حلقہ مورخہ ۱۴ راپریل ۱۹۱۶ء تعدادی للعہ

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ
موجودہ کھرنجہ خشت خوردہ کافی ہے اسسال جدید تعمیر ہونیکی ضرورت نہیں ہے
خارج ہوکر داخلِ دفتر ہو - اور سررشتہ میونسپلٹی میں رہے اگر روپیہ بچا تو غور کیا جائیگا

۹ - تخمینہ بابتہ مرمت و تیاری دو دیوارہائے نالہ وپل کلان متصل جھنڈہ بڑی حسب
نوٹ محمد احسن خان صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۴ راپریل ۱۹۱۶ء تعدادی مالعہ

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ
پانی کے نکاسی کا انتظام ہے - کنکریٹ تخمینہ میں نہیں ہے کنکریٹ بھی تخمینہ میں داخل
ہوکر پھر تخمینہ پیش ہونا چاہئے جس پر تجویز کیجائیگی تخمینہ ہذا تعمیلاً حسب ہدایت میونسپلٹی پیش ہو

۱۰ - تخمینہ بابتہ تیاری کھرنجہ جدید از سڑک پختہ شاہ آباد دروازہ تا کھرنجہ
کنڈہ کوچہ نافذہ تعدادی لمار معہ نقشہ موقعہ -

آج یہ تخمینہ بعد ترتیب ہونے نقشہ کے کہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر
بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر موقعہ کا
ملاحظہ فرمائیں اوسکے بعد کوئی تجویز کیجائے گی -

۱۱ - تخمینہ بابت تیاری بلند کرانے کھرنجہ زیر کوٹھی بہو خان تا مکان
صاحبزادہ سید حسین صاحب بہادر تعدادی الٰعہ معہ نقشہ توجیہ

آج یہ تخمینہ بعد ترتیب نقشہ دوسری مرتبہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق
یہ رائے پاس ہوئی کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر موقعہ کا ملاحظہ فرمائیں
اوس کے بعد کوئی تجویز کیجائیگی -

۱۲ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید واقعہ محلہ جھنڈہ بڑے پیر صاحب
از پلیہ نالہ متصل باغیچہ چھوٹے میاں حسب نوٹ محمد احسن خان صاحب ممبر
حلقہ مورخہ ۱۴ راپریل ۱۹۱۶ء تعدادی لامعہ

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ امر قرار پایا کہ پلیہ کا
نقشہ پاس کراکے بعد منظوری کام پلیہ کا جاری کردیا جائے - کھرنجہ
کا جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر ملاحظہ فرمائیں اوسکے بعد تجویز
ہونا چاہئیے -

۱۳ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ و نالی جدید متصل مکان مولوی محمد افضل خان صاحب
وکیل محلہ شاہ آباد دروازہ واقعہ تھانہ گوجر ٹولہ معہ نقشہ موقعہ تعدادی للعہ

آج بعد ترتیب نقشہ یہ تخمینہ کہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق
یہ قرار پائی کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر موقعہ ملاحظہ فرمائیں اوسکے
بعد کوئی تجویز ہونا چاہئیے -